محترم مکین،

نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) نے COVID-19 بحران کے دوران آپ کے کرایہ میں تخفیف کی غرض سے آپ کے لیے پہلے کسی بھی وقت سے زیادہ آسان بنانے کے لیے اپنی [کرایے کی دشواری سے متعلق پالیسی (Rent Hardship Policy)] میں آسانیاں پیدا کی ہیں۔

کرایے میں دشواری کے لیے درخواست کون دے سکتا ہے؟

اگر آپ کی ملازمت کے **گھنٹوں میں تخفیف کر دی گئی ہے** ، یا اگر آپ کی**ملازمت چلی گئی ہے**، تو برائے مہربانی **فوراًعارضی دوبارہ تصدیق (Interim Recertification)** کی ایک درخواست پُر کریں۔

پبلک ہاؤسنگ کے ایک مکین کی حیثیت سے، ہمیشہ آپ کا کرایہ آپ کے گھرانے کی آمدنی کا 30 فیصد ہوگا۔
اگر فی الحال آپ کی کوئی آمدنی نہیں ہے تو آپ کا کرایہ صفر ہوگا۔

NYCHA کو آمدنی میں خسارے کی اطلاع دینے کے لیے انتظار کی کوئی مدت نہیں ہے۔ برائے مہربانی تاخیر نہ کریں۔
کسی عارضی دوبارہ تصدیق کی درخواست دینے کے لیے اصولاً عام طور پر ضروری دو ماہ کے انتظار کی مدت ملتوی کر دی گئی ہے۔

کرایے کی دشواری کی درخواست دینے کے لیے آپ کو کن چیزوں کی ضرورت ہے

تا اطلاع ثانی، NYCHA کے مکین اپنی آمدنی کے خسارے کی **ذاتی تصدیق** کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ **تائیدی دستاویزات** جیسے تنخواہ کی پرچیاں، آپ کے آجر کی طرف سے کوئی خط، اور / یا بے روزگاری کے بینیفٹس کی تصدیق، جن کی عام طور پر عارضی دوبارہ تصدیق جمع کرانے کے لیے ضرورت پڑتی ہے، **ان کی فی الحال ضرورت نہیں ہے۔**

ہم اب بھی یہ دستاویزات قبول کریں گے اگر یہ آپ کے پاس موجود ہوں۔ ہم آپ کے آجر کی طرف سے دستی تحریر کردہ خط اور / یا ای میلز، نیز آپ کے سابق یا موجودہ سپروائزر کی طرف سے کوئی ٹیلی فون کال بھی آپ کی آمدنی میں خسارے کی تصدیق کے طور پر قبول کر لیں گے۔ تاہم، اگر فی الحال ان میں سے کوئی بھی چیز موجود نہ ہو تو آپ انہیں NYCHA کو بعد کی کسی تاریخ میں جمع کرا سکتے ہیں۔

ان دستاویزات کے ساتھ یا ان کے بغیر، آپ اپنی آمدنی میں خسارے کی **ذاتی تصدیق** کر سکتے ہیں، اپنی درخواست جمع کر کے اپنے کرایے میں کوئی تخفیف حاصل کر سکتے ہیں۔

کرایے میں دشواری کے لیے درخواست کیسے دیں

آپ کی سہولت کے لیے، **تین مختلف طریقے** موجود ہیں جن کی مدد سے آپ **دوبارہ تصدیق** کی درخواست دے سکتے ہیں:

- NYCHA کا سیلف-سروس پورٹل **selfserve.nycha.info** پر ملاحظہ کریں۔
- NYCHA کے گاہک رابطہ مرکز (CCC ,Customer Contact Center)718-707-7771 (آپشن 5) پر کال کریں۔
- اپنے لیے کوئی کاغذی درخواست طلب کرنے کے لیے اپنے پراپرٹی انتظامیہ دفتر (Property Management Office) سے رابطہ کریں جو آپ کو ڈاک سے بھیج دے گا۔

1) NYCHA کا سیلف سروس پورٹل

NYCHA کے سیلف سروس پورٹل کا استعمال کرنا کرایے کی دشواری کے لیے درخواست دینے کا سب سے زیادہ تیز اور آسان ترین طریقہ ہے۔

ہم نے آن لائن فارم کو آسان بنایا ہے۔ **اس گائیڈ کی طرف** رجوع کریں جو مرحلہ والا کارروائیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ اب آپ کے کرایہ میں تخفیف کے لیے **صرف 6 مراحل** ہیں:

مرحلہ 1: selfserve.nycha.info پر جائیں
مرحلہ 2: گھرانے میں اس شخص کی نشاندہی کریں جس کو آمدنی کا خسارہ ہوا ہے۔
مرحلہ 3: اس کام کے لیے ملازمت کی تاریخیں فراہم کریں جہاں آمدنی میں تخفیف ہوئی ہے یا آمدنی کا خسارہ ہوا ہے؛ سابقہ تنخواہ؛ اور حالیہ تنخواہ، اگر آمدنی میں تخفیف کی گئی ہے۔
مرحلہ 4: اس آمدنی کی نوعیت درج کریں جس کا خسارہ ہوا ہے یا جس میں تخفیف ہوئی ہے۔
مرحلہ 5: تصویر لیں اور دستاویزات اپلوڈ کریں (اگر دستیاب ہوں)۔
مرحلہ 6: ذاتی تصدیق کرکے جمع کر دیں۔

یہ آن لائن درخواست 100 سے زیادہ زبانوں میں درخواست تک رسائی کے لیے Google Translate استعمال کرتی ہے۔

2) 718-707-7771 (آپشن 5) پر گاہک رابطہ مرکز (CCC) کو کال کریں۔

مکین اب CCC کو 718-777-0771(آپشن 5) پر بذریعہ فون عارضی دوبارہ تصدیق کی درخواست مکمل کرنے کے لیے کال کر سکتے ہیں۔ NYCHA کی گاہک خدمت کا ایک نمائندہ چند سوالوں کے جواب دینے میں آپ کی رہنمائی کرے گا؛ آپ**اپنی آمدنی کے خسارے کی ذاتی تصدیق** کرکے فون پر عارضی دوبارہ تصدیق کی درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔

وہ مکین جنہیں ترجمانی خدمت کی ضرورت ہوگی انہیں خود کار طریقے سے لینگویج ہیلپ لائن سے کنیکٹ کر دیا جائے گا، جو ان کی پوری کارروائی کے دوران مدد کرے گی۔

3) اپنے پراپرٹی انتظامیہ دفتر سے رابطہ کریں

مکین اپنے پراپرٹی انتظامیہ دفتر (Property Management Office) کو عارضی دوبارہ تصدیق کی ایک کاغذی درخواست طلب کرنے کے لیے بھی کال کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی کاغذی درخواست کے ساتھ تائیدی دستاویزات فراہم کر سکتے ہیں یا کسی بھی دستاویزات کی تصویر لے سکتے ہیں/ اپلوڈ کر سکتے ہیں/ اسکین کر سکتے ہیں اور انہیں اپنے پراپرٹی انتظامیہ دفتر کو ای میل کر سکتے ہیں۔

جب آپ درخواست مکمل کر کے جمع کر دیں گے، **ذاتی تصدیق** کے لیے آپ کا پراپرٹی انتظامیہ دفتر آپ سے رابطہ کرے گا۔

آپ کی آسانی کے لیے ہم نے اس درخواست کا ترجمہ 13 مختلف زبانوں میں کرا دیا ہے۔

آپ اپنی پسندیدہ زبان میں سوالوں کا جائزہ لینے کے لیے ترجمہ شدہ درخواست استعمال کر سکتے ہیں، مگر آپ کے لیے درخواست انگریزی میں مکمل کر کے جمع کرنا لازمی ہے۔

<u>کرایہ میں تخفیف پر کب سے عمل درآمد ہوگا؟</u>

درخواست جمع کرانے کے بعد والے ماہ کے لیے آپ کے کرایے کو ایڈجسٹ کر دیا جائے گا۔ کرایے کی کوئی بھی تبدیلی جو فوراً انجام نہیں پاتی ہے وہ آپ کے ذریعہ عارضی دوبارہ تصدیق کی درخواست دینے کے بعد پہلے ماہ سے نافذ العمل ہوگی۔

اگر آپ کو اپنے کرایے میں فوراً کوئی تبدیلی نظر نہ آئے تو **جب تک درخواست پر کارروائی نہیں ہو جاتی NYCHA کرایے کی جزوی ادائیگیاں قبول کرے گی۔**

اس دوران جبکہ ہم لوگ ایک ساتھ ان چیلنج بھرے اوقات سے گزر رہے ہیں ہم آپ کی شراکت کے لیے آپ کے مشکور ہیں۔

بصد خلوص واحترام

Greg Russ
چیئر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر

Vito Mustaciuolo
جنرل مینیجر